**15.08.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر شہیدوں اور مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کرنے میں ملک کی قیادت کی۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سرکار نے ملک کو مضبوط بنانے اور لوگوں کی زندگی میں تبدیلی لانے کی خاطر اصلاحات کا تہیہ کر رکھا ہے۔

☆ جناب مودی نے موجودہ سول کوڈ کی جگہ، ایک سیکولر سول کوڈ کی وکالت کی ہے۔

☆ مختلف ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور بیرون ملک بھارتی مشنوں میں بھی یومِ آزادی پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

☆ مغربی بنگال پولیس نے کولکاتا میں ایک میڈیکل کالج اسپتال میں کل رات کے توڑ پھوڑ کے واقعے کے سلسلے میں 9 افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور...... خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو، کرۂ ارض کے مشاہدے کیلئے کل اپنا ایک نیا سیٹلائٹ SSLV-D3 خلا میں چھوڑے گی۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Independence Day***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج 78ویں یومِ آزادی کے موقع پر شہیدوں اور مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کرنے میں ملک کی قیادت کی۔ آج صبح نئی دلّی میں لال قلعہ کی فصیل پر قومی پرچم لہرانے کے بعد ملک سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک کی ترقی کے مختلف پہلوؤں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے کئی طرح کے مقاصد کا خاکہ پیش کیا۔

S/B 1400 PM Semi Condactor Final

جناب مودی نے کہا کہ سرکار ملک کو مضبوط بنانے اور عوام کی زندگی میں تبدیلی لانے کی خاطر اصلاحات کا

تہیہ کئے ہوئے ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سال 2047 تک وکست بھارت کے خواب کی تکمیل کیلئے حکمرانی کے عمل میں اصلاحات ضروری ہیں۔

انھوں نے کہا کہ خواہ یہ بینکاری نظام ہو، سیاحت ہو، MSME شعبہ ہو، تعلیم، حفظان صحت، ٹرانسپورٹ یا زراعت ہو، ہر شعبے میں ایک نیا اور جدید طرز کا نظام قائم کیا جارہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ خلا کے شعبے میں اسٹارٹ اَپ اداروں کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوا ہے اور بھارت کو ایک طاقتور ملک بنانے میں ان کا اہم رول رہے گا۔ دفاع کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ ملک دفاع کے شعبے میں خودکفیل بن رہا ہے۔

S/B 1400 PM On Defence Export

وزیر اعظم نے ملک کے نوجوانوں کو تربیت دینے اور بھارت کو دنیا کا ہنرمندی کا مرکز بنانے کیلئے سرکار کی جانب سے کئے گئے مختلف اہم اقدامات کو اجاگر کیا۔

جناب مودی نے بھارت کو مینوفیکچرنگ کا ایک عالمی مرکز بنانے کا نظریہ پیش کیا اور تیز رفتار ترقی کی توقعات کو پورا کرنے کی خاطر مستقبل کیلئے ہنرمندی کے وسائل تیار کئے جانے پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے خواتین کے خلاف تشدد اور جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ قصوروار عناصر کو جلد سے جلد قانون کی گرفت میں لے کر سزا دی جانی چاہیئے۔

S/B 1400 PM Modi On Crime Against Women

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ ملک میں موجودہ سول کوڈ کی جگہ ایک سیکولر سول کوڈ ہونا چاہیئے۔ انھوں نے موجودہ سول کوڈ کو تفریق پر مبنی قرار دیا۔

لال قلعہ پر اپنے خطاب کے بعد وزیراعظم نے وہاں موجود بچوں اور لوگوں سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ گفتگو کی۔ اس سے پہلے جناب مودی نے راج گھاٹ جاکر بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔x

## State-I-Day

ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں بھی یومِ آزادی کا جشن منایا گیا۔ اِس موقع پر ریاستی راجدھانیوں میں وزراء اعلیٰ اور لیفٹیننٹ گورنر صاحبان نے قومی پرچم لہرایا اور عوام سے خطاب کیا۔

اترپردیش میں گورنر آنندی بین پٹیل نے لکھنؤ کے راج بھون میں قومی پرچم لہرایا اور سلامی لی۔ گورنر نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت بھی پیش کیا۔

سکّم میں 78 واں یومِ آزادی پوری دھوم دھام اور روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے گنگٹوک میں Palijor اسٹیڈیم میں قومی پرچم لہرایا۔ اِس کے بعد پریڈ نکالی گئی۔

اروناچل پردیش میں بڑی تقریب ایٹہ نگر کے IG پارک میں منعقد کی گئی۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ پیما کھانڈو نے قومی پرچم لہرایا اور پریڈ کی سلامی لی۔

جھارکھنڈ میں وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے کہا کہ اِس سال اکتوبر تک 35 ہزار عہدوں پر بھرتی مکمل کرلی جائے گی۔ رانچی کے Morhabadi گراؤنڈ پر یومِ آزادی کے موقع پر ریاست کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے

جناب سورین نے کہا کہ اُن کی سرکار کی پہلی ترجیح، ریاست کے نوجوانوں کو روزگار کے ساتھ جوڑنا ہے۔
گجرات میں یومِ آزادی کی ریاستی سطح کی تقریب کھیڑا ضلعے میں Nadiad کے مقام پر منعقد کی گئی۔
کیرالہ میں بحریہ کی جنوبی کمان کے فلیگ آفیسر کمانڈنگ اِنچیف، وائس ایڈمرل وی سری نواس نے کوچی میں بحریہ کے اڈّے پر واقع وار میموریل پر گل دائرہ نذر کیا۔
لکشدیپ میں وہاں کے ایڈمنسٹریٹر سندیپ کمار کے مشیر نے آج صبح Kavaratti میں ایک اسٹیڈیم میں قومی پرچم لہرایا۔
ہریانہ میں آج صبح سبھی ضلعوں میں یومِ آزادی کی تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔ پولیس، نیم فوجی دستوں، NCC کے cadets اور نیشنل سروس اسکیم کے cadets نے شاندار پریڈ میں حصہ لیا۔ x

## ***PM World Leaders***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج یومِ آزادی کے موقع پر کئی عالمی رہنماؤں کی طرف سے مبارکباد دیئے جانے پر اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد Muizzu اور فرانس کے صدر Emmanuel میخوں کے تئیں تشکر کا اظہار کرتے ہوئے اِن ملکوں کے ساتھ باہمی تعلقات کی ستائش کی۔ انھوں نے عوام کے فائدے کیلئے ملکر کام کرنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے نیپال اور بھوٹان کے وزراء اعظم کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کئے جانے پر اُن کا بھی شکریہ ادا کیا۔x

## ***President at Home***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 78 ویں یومِ آزادی کے موقع پر آج شام راشٹرپتی بھون میں ایک استقبالیے کا اہتمام کیا۔ اِس موقع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ بھی موجود تھے۔
اِس کے علاوہ اِس تقریب میں راج ناتھ سنگھ، جے پی نڈا، ڈاکٹر ایس جے شنکر، اشونی ویشنو، پیوش گوئل اور شیوراج سنگھ چوہان سمیت مرکزی وزیروں اور دیگر ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ x

## ***with ADD Foreign-I-Day***

متحدہ عرب امارات میں بھارتی برادری کے لوگوں نے کئی مقامات پر بھارت کا 78واں یومِ آزادی پورے جوش وخروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا۔
ابوظبی میں بھارتی سفارتخانے، دوبئی میں قونصل جنرل اور مختلف دیگر مقامات پر اِس موقع پر پرچم کشائی کی تقریبات منعقد کی گئیں اور ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔
ادھر نیپال میں بھارتی سفیر نوین سری واستو نے کاٹھمنڈو میں بھارتی سفارتخانے پر ترنگا لہرایا۔ اس موقع پر ملک سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کا ویڈیو بھی دکھایا گیا۔

بحرین میں بھارتی سفارتخانے میں بھی آج بھارت کا 78 واں یومِ آزادی منایا گیا۔ بھارتی برادری کے لوگ، پرچم کشائی کی تقریب کیلئے سفارتخانے کے احاطے میں اکٹھا ہوئے۔ بھارتی سفیر ونود جیکب نے تقریب کی صدارت کی۔ اِس موقع پر سفیرِ موصوف نے ترنگا لہرایا اور یومِ آزادی کے موقع پر ملک سے صدر جمہوریہ کا خطاب پڑھ کر سنایا۔

## EVE VP Sisit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کل سے تلنگانہ اور آندھراپردیش کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے پہلے دن جناب دھنکھڑ تلنگانہ میں حیدرآباد میں Kanha Shanti Vanam جائیں گے۔ اپنے دورے کے دوسرے دن نائب صدر جمہوریہ آندھراپردیش میں Nellore میں اکشر ودیالیہ کیمپس اور ہنرمندی کے فروغ سے متعلق مرکز، سورن بھارت ٹرسٹ اور Muppavarapu فاؤنڈیشن کا دورہ کریں گے۔

بعد میں جناب دھنکھڑ آندھراپردیش میں وینکٹ چلم کے مقام پر سورن بھارت ٹرسٹ کے 23ویں یومِ تاسیس کی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔x

## NPSS Shivraj

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج نئی دلّی میں وبا پھیلانے والے حشرات کی نگرانی سے متعلق قومی نظام- NPSS کا افتتاح کیا۔ جناب چوہان نے اس بات کو اجاگر کیا کہ NPSS کے ذریعہ، کسان مختلف اقسام کے جراثیم کُش اور کیڑے مار دواؤں سے واقف ہوسکیں گے اور ان کے مضر اثرات سے اپنی فصلوں کی حفاظت بھی کرسکیں گے۔ اس موقع پر جناب چوہان نے مرکزی حکومت کی جانب سے نافذ کی جا رہی مختلف اسکیموں سے فائدہ حاصل کرنے والے، بہت سے کسانوں سے بھی بات چیت کی۔ اس تقریب میں تقریباً پانچ سو کسان موجود تھے۔ حال ہی میں مرکزی حکومت نے زیادہ پیداوار والی، آب و ہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور تغذیہ بخش فصل کی 109 اقسام جاری کی ہیں۔ x

## RG Kar Medical College

مغربی بنگال میں کولکاتا کے RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں کل رات کی توڑ پھوڑ کے سلسلے میں جن 26 افراد کی نشاندہی کی گئی ہے، اُن میں سے 9 افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔

اِدھر CBI کی ایک ٹیم، خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور وحشیانہ ہلاکت کے واقعے کی تحقیقات کیلئے وہاں پہنچ گئی ہے۔ CBI کی ایک اور ٹیم نے مذکورہ ڈاکٹر کی رہائش گاہ پر اُن کے والدین سے ملاقات کی۔ CBI کے ذرائع کے مطابق آبروریزی اور قتل کیس کے سلسلے میں آج 8 ڈاکٹروں سے پوچھ تاچھ کی گئی۔

پوسٹ مارٹم سے وابستہ تین ڈاکٹروں سے بھی پوچھ تاچھ کی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ CBI، میڈیکل کالج اور Chest ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ سے بھی پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔x

## WB Mamata Medical college

مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال میں توڑ پھوڑ کے کل رات کے واقعے کیلئے BJP اور بائیں بازو کی پارٹیوں کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ انھوں نے آج کولکاتا میں ایک پروگرام کے موقع پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شر پسند، احتجاج کرنے والے طلبا کی تحریک کا حصہ نہیں تھے بلکہ وہ باہر سے آئے ہوئے تھے۔اِس سے پہلے آج ریاست کے گورنر ڈاکٹر سی وی آنند بوس نے R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال کا دورہ کیا اور کہا کہ وہ احتجاج کرنے والوں کے ساتھ ہیں اور انھیں انصاف ملے گا۔ x

## ISRO SSLV EOS

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو، کرۂ ارض کے مشاہدے کیلئے کل اپنا ایک نیا سیٹلائٹ SSLV-D3 خلا میں چھوڑے گی۔ اِس سیٹلائٹ کو سری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے کل صبح 9 بج کر 17 منٹ پر چھوڑا جائے گا۔ یہ اِس کی تیسری ترقیاتی پرواز ہوگی۔ سیٹلائٹ کو چھوڑے جانے سے 6 گھنٹے پہلے الٹی گنتی شروع ہوجائے گی۔

یہ چھوٹا خلائی راکٹ 10 کلو گرام سے لے کر 500 کلوگرام تک کے Mini، مائیکرو اور Nano سیٹلائٹس کو خلا میں چھوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ تین مرحلے والا خلائی راکٹ ہے۔ اِس مشن کا مقصد خلائی راکٹ SSLV نظام کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا اور EOS-08 سیٹلائٹ اور SR-0 DEMOSAT سیٹلائٹ کو 475 کلو میٹر کے circular مدار میں پہنچانا ہے۔ x

## Jaishankar Kuwait

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس مہینے کی 18 تاریخ کو کویت کے سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وہ کویت کے اپنے ہم منصب عبداللہ علی الیحیٰی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر کویت کے رہنماؤں سے بھی ملیں گے۔ اُن کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کو مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا۔ اِن شعبوں میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سکیورٹی، ثقافتی، قونصل خانے اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ دونوں فریق علاقائی اور باہمی مفاد کے بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال بھی کریں گے۔x

## Navroze

ممبئی کی پارسی برادری نے آج یومِ آزادی کے ساتھ ساتھ نو روز منایا۔ نو روز، جس کا مطلب ہے ''نیا دن''، پارسی نئے سال کے پہلے دن کو کہتے ہیں۔ اس دن پارسی کنبے آپس میں ملتے ہیں، اپنی وراثت کو اعزاز بخشتے ہیں اور نئی شروعات اختیار کرتے ہیں۔ کل رات ممبئی میں پارسی عبادت گاہوں میں Pateti دعائیہ تقریبات منعقد کی گئی۔ آج صبح ناشتہ کے بعد لوگ ان عبادت گاہوں میں گئے اور ایشور کا شکریہ ادا کرنے اور آشیرواد حاصل کرنے سے متعلق Jashan نامی عبادت کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر ہم وطنوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔x

## Thailand Prime Minister

تھائی لینڈ کی Populist-Pheu-Thai پارٹی نے آج کہا ہے کہ وہ ملک کے نئے لیڈر کیلئے اپنی پارٹی کی رہنما محترمہ Paetongtarn-Shinawatra کو پارلیمنٹ میں ووٹنگ کیلئے نامزد کرے گی۔ وزیر اعظم Srettha-Thavisin کو اخلاقیات سے متعلق ایک خلاف ورزی کی بنا پر، ایک عدالتی حکم کے ذریعے برخاست کئے جانے کے بعد، یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ اگر محترمہPaetongtarn کو پارلیمنٹ میں کل ہونے والی ووٹنگ میں منظوری مل جاتی ہے تو وہ تھائی لینڈ کی دوسری خاتون وزیر اعظم بن جائیں گی۔جناب Sreettha کو ایک سال سے بھی کم مدت تک عہدے پر رہنے کے بعد، کل برخاست کر دیا گیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆